[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

further to amend the Unani, Ayurvedic and Homoeopathic Practitioners, Act, 1965 (Act II of 1965)

Whereas it is expedient further to amend the Unani, Ayurvedic and Homoeopathic Practitioners, Act, 1965 (Act II of 1965) for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as under:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Act shall be called the Unani, Ayurvedic and Homoeopathic Practitioners (Amendment) Bill, 2022.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment in section 21, Act II of 1965.-** In the Unani, Ayurvedic and Homoeopathic Practitioners, Act, 1965 (Act II of 1965), in section 21,-

(a) in sub-section (1), after the word "medicine", the expression, " and Diploma in Homoeopathic Medical System (DHMS)", shall be inserted; and

(b) In sub-section (2), for the expressions, " homoeopathy", the expression, "Bachelor of Homeopathic Medical Science (BHMS) and Bachelor of Eastern Medicine System (BEMS)", shall be substituted.

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The purpose of this Bill is to introduce also a Degree program in Homeopathy and Eastern Medicine. This amendment will strengthen the system of Homeopathy and Eastern Medicine in the country. The Federal Government, National Council for Homeopathy, National Council for Tibb and the Higher Education Commission have already approved a Degree Program in Homeopathy and Eastern Medicine. Therefore, it is required to make provision in the Unani, Ayurvedic and Homoeopathic Practitioners, Act, 1965 (Act II of 1965) to regulate the aforesaid program.

2. This Bill seeks to achieve the aforesaid purposes.

Sd/-

MR. SAJID MEHDI
Member National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

یونانی، ایورویدک اور ہومیو پیتھک پریکٹیشنرز ایکٹ، ۱۹۶۵ء (ایکٹ نمبر ۲ بابت ۱۹۶۵ء) میں مزید ترمیم کرنے کا

بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے یونانی، ایورویدک اور ہومیو پیتھک پریکٹیشنرز ایکٹ ، ۱۹۶۵ء (ایکٹ نمبر ۲ بابت ۱۹۶۵ء) میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:

۱۔ مختصر عنوان اور آغاز نفاذ: (۱) ایکٹ ہذا یونانی، ایورویدک اور ہومیو پیتھک پریکٹیشنرز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۲ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ ایکٹ نمبر ۲ بابت ۱۹۶۵ء، دفعہ ۲۱ میں ترمیم: یونانی، ایورویدک اور ہومیو پیتھک پریکٹیشنرز ایکٹ، ۱۹۶۵ء (ایکٹ نمبر ۲ بابت ۱۹۶۵ء) میں دفعہ ۲۱ میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں، لفظ ''دوا'' کے بعد عبارت ''اور ہومیو پیتھک میڈیکل سسٹم میں ڈپلومہ (ڈی ایچ ایم ایس)'' شامل کر دی جائے گی؛ نیز

(ب) ذیلی دفعہ (۲) میں، لفظ ''ہومیو پیتھی'' کو عبارت ''بیچلر آف ہومیو پیتھک میڈیکل سائنس (بی ایچ ایم ایس) اور بیچلر آف ایسٹرن میڈیسن سسٹم (بی ای ایم ایس)'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

بیان اغراض و وجوہ

اس بل کا مقصد ہومیو پیتھی اور ایسٹرن میڈیسن میں ڈگری پروگرام کو متعارف کروانا ہے۔ یہ ترمیم ملک میں ہومیو پیتھی اور ایسٹرن میڈیسن کے نظام کو مستحکم بنائے گی۔ وفاقی حکومت، قومی کونسل برائے ہومیو پیتھی، قومی کونسل برائے طب، اور اعلیٰ تعلیمی کمیشن ہومیو پیتھی اور ایسٹرن میڈیسن میں ڈگری پروگرام کی پہلے ہی منظوری دے چکے ہیں۔ اس لئے مذکورہ بالا پروگرام کو منضبط بنانے کے لئے یونانی، ایورویدک اور ہومیو پیتھک پریکٹیشنرز ایکٹ، ۱۹۶۵ء (ایکٹ نمبر ۲ بابت ۱۹۶۵ء) میں تصریح وضع کرنے کی ضرورت ہے۔

۲۔ بل ہذا کا مقصد اغراض بالا کا حصول ہے۔

دستخط/-

جناب ساجد مہدی

اراکین، قومی اسمبلی